سورة الفاتحه

1-تعوذ کیا ہے؟

جواب- اعوذبا لله من اشیطان الرجیم

2-تعوذ پڑھنے کا حکم قران میں ہے یا صرف حدیث میں ہے ؟

جواب- قران کی سورة النحل آیات ۹۸ –

جب تم قران تلاوت کرو تو الله کی پناہ میں اشیطان مردودکی شرسے

3- تعوذ پڑھنا کیوں ضروری ہے ؟

جواب- انتھایٔ اهم کلام کی تلاوت کرنے جا رهے ہیں تو شیطان کی پناہ ماگنا ضروری ہے

شیطان کبھی نہیں چاہے گا کہ ہم قرآن کی تلاوت کریں

4- تعوذ کی تلاوت کرنے کا کیا فایده هے؟

جواب-۱-   دل آور دماغ سے شیطان کی پناہ مانگنی چاہے

جو شخص سچے دل سے تعوذ کی تلاوت کرے گا تو اس کے اور

۳ شیطان کے درمیان ۳۰۰ پردے حائل کردےجاتےهیں (حدیث کا مفهوم)

حضور کی تعلیم هےکه غصه کی حالت میں تعوذکی تلاوت کرو -

۴جب حضرت جبرایل پہلی وحی لےکر آۓ توسب سے پہلے تعوذ کی تلاوت کرایٔ

قرآن مین باربار تعوذ تلاوت کرنے پر زور دیا ہے ۵   -

QURANNATION.COM

۵ - اللہ کون ہے؟

جواب- اللہ اس ذات کو کہتے - جو وجود میں ابتدا سے ہے - اسکا وجود همیشه سے ہے اور همیشہ رہےگا -اس میں تمام صفات موجود هیں جو کسي میں نهیں -کوی کمزوری نہیں -ایک لمحےکےلےکسی سے غافل نہیں - اس کا ذاتي نام اللہ ہے

- ٦ شیطان کون ہے؟

جواب- شیطان جنات میں سے تھا -بہت عبادت گزار تھا -فرشتوں کےساتھ رہتا تھا - حضرت آدم سے پہلے پیداہواتھااور آخری إنسان تک رھے گا

٧-شیطان کا أصل نام کیا ہے؟

جواب- ابلیس

٨- رجیم کامطلب کیا ہے؟

جواب- ہمیشہ کے لےاللہ کی رحمت سے دوری

- ٩ تعوذ میں رجیم کالفظ کہنے کا کیا مطلب ہے

جواب- رجیم لفظ رجم سے بنا ہے (پتھر مارنے کی سزا) تاکہ اپنے سے دور رکھا جاے

-١٠ تسمیه کیا هے؟

جواب- هر اچھے کام شروع کرنے سے پہلےاللہ کا نام لینے کو تسمیہ کہتے ہیں-

- ١١ رحمان اور رحیم میں کیا فرق هے؟

QURANNATION.COM

جواب-دونوں کا روٹ ورڈ ایک ہے-ر ح م اور مطلب بھی ایک ہی ہے- رحمان - ہر انسان کیلے وہ ہر ایک کو رزق دیتا ہے - رحیم صرف ایمان والوں کیلے

- ١٢ رحمان کا لفظ قران میں کتنی مرتبہ آیا ہے ؟

جواب- ٥٧ مرتبہ

- ١٣ رحیم کا لفظ قران میں کتنی مرتبہ أیا ہے ؟

جواب- ٩٥ مرتبہ

١٤ -رحمان اور رحیم ایک ساتھ کیوں تلاوت کرتے ہیں

جواب - اللہ کی شفقت اتنی زیادہ ہے کہ انکے نام کے ساتھ دونوں کی ساتھ تلاوت کرتے ہیں

- ١٥ بسم اللہ کب کب تلاوت کی جاتی ہے؟

جواب- ھر کام شروع کرنےسے پہلے - وضو کرنے سے پہلے -قرآن کی تلاوت سے پہلے وغیرہ وغیرہ-

-١٦ تسمیہ میں کیا پیغام ہے؟

جواب- جب بندہ اپنے ہر کام سے پہلے تسمیہ کی تلاوت کرے گا تو اسکے کاموں پرمثبت اثر پڑے گا

- ١٧ الفاتحہ کا کیا مطلب ہے ؟

جواب- فتح کھولنےکو کہتے ہیں قرآن کی سب سے پہلی سورت ہے اسلے اسکا نام الفاتحہ ھے

-١٨ سورةالفاتحہ کے کتنے نام ہیں انکی خصوصیات کے ساتھ بیان کریں ؟

جواب- ١- فاتحہ الکتاب- کتاب کو کھولنے والی

QURANNATION.COM

- ٢ سورۃالحمد - اللہ کی تعریف کرنے والی

- ٣ ام القرآن۔ قرآن کی أصل

- ٤ الثباالمثانی- سات آیتوں کو بار بار تلاوت کرنےوالی

-٥ قرآن العظیم- حدیث میں اس کا ذکر ہے

- ٦ اثاث القرآن- تمام مضامین اس میں موجود هے

٧ سورۃ الصلحہ- نماز والی سورت

-٨ سورۃالدعا- اس میں دعا ہے

٩-سورۃ الرقیہ - جھاڑ پھونک والی سورت

١٠-سورۃالشفاء- بیماروں کیلے شفاء

- ١١ سورۃ الکافیه - جو إنسان کیلے کافی ہے

-١٢ سورت الشکر- اس میں اللہ کا شکر هے

-١٩ کون سے دو نور اللہ نے رسول اللہ کو دیے

جواب- سورۃ الفاتحه اور سورۃالبقراء کی آخری دو آیات

-٢٠ حمد اور نعت میں کیا فرق ہے؟

جواب- حمد میں اللہ کی تعریف اور نعت میں رسول اللہ کی تعریف

٢١-سب سے أفضل ذکر کیا ہے ؟

جواب- لاإله الله

-٢٢ رب کے کتنے معنی ہیں؟ کون کون سے؟

QURANNATION.COM

جواب- رب کے تین معنی ہیں- سورت فاتحہ میں موجود ہے - رب جس نے ہمیں پیدا کیا

ہماری پرورش کرتا ہے کرتا تھا کرتارہےگاآخری لمحے تک -وہ مالک- اقا- حاکم ہے- نگہبانی کرتا ہے پرورش کرتا اور

خبرگیری کرتا ہے

- ۲۳ سب سے أفضل دعا کیا ہے؟

جواب- الحمد اللہ

-۲٤ کیا دنیا میں ایک ہی عالم ہے ؟

جواب- بہت سے عالم ہیں -تمام مخلوق کیلے اپنے اپنے عالم ہیں

-۲۵ تمام عالموں کا پالنے والا کون ہے؟

جواب - اللہ

۲٦ تمام تعریف اللہ کیلے تو بندے کو کیا کرنا

جواب- اللہ کی فرمابرداری اور صرف أسی سے ساری حاجتیں مانگنی چاہے

۲۷-مالک کا کیا مطلب ھے؟

جواب- مالک وہ ہے جسکی اپنی ملکیت ہو- صرف اسی کا قبضہ ھو اور وہ صرف اپنی مرضی سے استعمال کرے

-۲۸ قرآن میں دین کا لفظ کتنی دفعہ آیا ہے

جواب - ٥ مرتبہ

۲۹ یوم الدین کون سا دن ہے
جواب - قیامت کا دن اس دن حساب کتاب ہوگا

QURANNATION.COM

- ۳۰ جب بھی اپنی بڑائ یا تکبر کا خیال آئے تو کیا کرنا چاہے؟

-جواب- تعوذکی تلاوت کرنی چاہے

- ۳۱ حساب کتاب کے دن کااحساس کیوں ضروري ہے

جواب - انسان اپنے اپ کو برُائ سے روکتا ہے

-۳۲ تمام اعمال کا دارومدار کس پر ہو تا ہے ؟

جواب- نیتوں پر

۳۳-عارضی اور ابدی دنیا کون سی ھے؟

جواب - عارضی جو ھم گزار رہے ہیں ابدی موت کے بعد والی آخرت جھاں حساب ھو گا

- ۳۴ دعا سے پہلے کیا کرنا چاھے

جواب- اللہ کی حمد و ثناء

۳۵-پہلی تین آیات سے کیا ثابت ھے

جواب- ۱- تمام تعریف اللہ کی ہے۲) شکر اللہ کے لے (۳) وہ تمام جہان کا مالک ہے

QURANNATION.COM